© rasailojaraid.com



تعارف و تبصرہ

رئیس التحریر

# سیرت نبوی ﷺ پر ایک قابل قدر ششماہی جریدہ

ہمارے ماضی قریب کے بزرگوں میں نقشبندی سلسلہ کے شیخ حضرت مولانا زوار حسین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا نام نامی کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ انہوں نے لوگوں کی روحانی اصلاح وتزکیہ کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم کی طرف بھی خصوصی توجہ دی اور ان کی متعدد علمی تصانیف ان کا صدقہ جاریہ ہیں۔ حضرت شاہ صاحب مرحوم کے فرزند سید فضل الرحمٰن صاحب نے زوار اکیڈمی کے تحت ایک علمی جریدہ شش ماہی "السیرۃ" العالمی کے نام سے شروع کیا ہے جس کا پہلا شمارہ اس وقت ہمارے سامنے ہے۔

سوا تین سو سے زائد صفحات پر مشتمل اس جریدہ میں مختلف علمی عنوانات پر قابل قدر مضامین ومقالات شامل ہیں اور طباعت کا معیار بھی بہتر ہے جبکہ مجلس ادارت میں ڈاکٹر محمد مظہر بقا، ڈاکٹر محمود الحسن عارف، سید عزیز الرحمٰن اور مفتی سمیع اللہ جیسے اصحاب علم شریک ہیں۔

سیرت طیبہ پر دیگر علمی مقالات کے علاوہ جنوری ۹۸ء تا مارچ ۹۹ء مختلف دینی جرائد میں سیرت نبویؐ کے موضوع پر شائع ہونے والے اہم مقالات ومضامین کی ایک فہرست بھی شائع کی گئی ہے جو اس موضوع کے قارئین کے لیے بہت مفید ہے۔

اس سلسلہ میں مزید معلومات کے لیے زوار اکیڈمی پبلشرز، اے ۔ ۴ ر ۱۷، ناظم آباد نمبر ۴، کراچی پوسٹ کوڈ ۷۴۶۰۰ کے پتہ پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

## ایصال ثواب کے لیے اجتماعی ختم قرآن کی حیثیت

ڈیوز بری برطانیہ میں مقیم مولانا محمد یعقوب کلوی کے شمار سنجیدہ علماء کرام اور اہل قلم میں ہوتا ہے جو مختلف عنوانات پر علمی اور اصلاحی انداز میں قلم اٹھاتے رہتے ہیں۔ زیر نظر کتابچہ میں انہوں نے ایصال ثواب کے لیے ختم قرآن کریم اور ختم یاسین شریف کی مروجہ صورتوں پر بحث کی ہے اور قرآن وسنت کے دلائل سے اس بات کو واضح کیا ہے کہ اس حوالہ سے جو صورتیں رواج پا گئی ہیں، وہ خلاف سنت ہیں اور قرآن وسنت کی روشنی میں ان کی گنجائش نہیں ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے برطانیہ میں خاص طور پر مساجد کی کمیٹیوں اور ائمہ وخطباء کے درمیان ہونے والے تنازعات پر بھی بحث کی ہے اور مساجد کے انتظامات وغیرہ میں کمیٹیوں اور ائمہ کے حقوق وفرائض پر ممتاز اصحاب علم وارباب فتویٰ کے ارشادات کا خلاصہ شامل اشاعت کر دیا ہے۔

۲۲۰ صفحات پر مشتمل یہ کتابچہ مندرجہ ذیل ایڈریس سے منگوایا جا سکتا ہے۔

34 WARREN STREET, SAVILE TOWN,
DEWSBURY W.F 12 9LX

## اسلامک لاء نکاح وطلاق

یہ رسالہ بھی مولانا محمد یعقوب کلوی کا تحریر کردہ ہے جس میں نکاح وطلاق کے بارے میں اسلامی احکام وقوانین ترتیب کے ساتھ بیان کیے گئے ہیں اور مغربی ممالک میں مقیم مسلمانوں کو اس سلسلہ میں درپیش مسائل کی بطور خاص وضاحت کی گئی ہے۔ یہ رسالہ اردو اور انگریزی میں الگ الگ شائع کیا گیا ہے اور وکلاء کے لیے بطور خاص مفید ہے۔ ۴۸ صفحات پر مشتمل یہ رسالہ بھی مندرجہ بالا ایڈریس سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## مولانا عبد اللطیف مسعود کے رسائل

حضرت مولانا عبد اللطیف مسعود آف ڈسکہ کو اللہ تعالیٰ نے قادیانیت اور عیسائیت کے مطالعہ وتجزیہ کا خصوصی ذوق بخشا ہے اور وہ اس سلسلہ میں مطالعہ وتحقیق میں مسلسل مصروف رہنے کے ساتھ ساتھ مختلف عنوانات پر تحریری طور پر عام مسلمانوں کی راہ نمائی کے لیے مقالات ومضامین بھی پیش کرتے رہتے ہیں۔ اسی سلسلہ میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان نے حال ہی میں (۱) کیا مسیح خدا کا بیٹا ہے؟ (۲) مسلم ذرا ہوشیار باش اور (۳) کیا مسیح خدا ہے؟ کے عنوان سے تین پمفلٹ شائع کیے ہیں جو مولانا موصوف کے خصوصی ذوق کا آئینہ دار اور اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے بہت مفید ہیں۔

## کعبہ وکلیسا۔ حق وباطل کا موازنہ

صلیبی جنگوں کے دور کا ایک واقعہ مسلم اور مسیحی علماء کے درمیان ایک دلچسپ مکالمہ کی صورت میں مولانا مصباح الرحمان یوسفی نے قلم بند کیا ہے جو ماہنامہ دعوت اسلام آباد میں شائع ہوا اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان نے اسے پمفلٹ کی شکل میں عام افادہ کے لیے شائع کر دیا ہے۔

بقیہ صفحہ ۱۵ پر

© rasailojaraid.com